Maulana Azad National Urdu University

M.A : Islamic Studies, III Semester Examination - December - 2017

Paper - MAIS302CCT : Islam in India

پرچہ: اسلام ہندوستان میں

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو**(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے**10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

(i) راجہ داہر کا پایہ تخت کیا تھا؟

(a) برہمن آباد (b) ملتان (c) الور (d) منصورہ

(ii) موپلا کون کہلاتے تھے؟

(a) سندھ کے مسلمان (b) مالابار کے مسلمان (c) کاٹھیاوار کے مسلمان (d) سراندیپ کے مسلمان

(iii) قاضی منہاج کو کس نے مدرسہ ناصریہ کا مہتمم بنایا تھا؟

(a) رضیہ (b) بلبن (c) ناصرالدین (d) التمش

(iv) دکن کس بادشاہ کے دور میں مرکزی حکومت سے علاحدہ ہوا؟

(a) علاءالدین خلجی (b) محمد تغلق (c) فیروز شاہ تغلق (d) بہلول لودھی

(v) محمود گاواں کا تعلق کس حکومت سے ہے؟

(a) قطب شاہی (b) نظام شاہی (c) عادل شاہی (d) بہمنی حکومت

(vi) تالی کوٹہ کی مشہور جنگ کس سنہ عیسوی میں لڑی گئی؟

(a) 1554 (b) 1564 (c) 1534 (d) 1574

(vii) گرینڈ ٹرنک روڈ (GTR) کس نے تعمیر کی؟

(a) شیر شاہ سوری (b) اکبر (c) ہمایوں (d) شاہ جہاں

(viii) منصب داری کا نظام کس مغل بادشاہ نے قائم کیا؟

(a) اورنگ زیب (b) شاہ جہاں (c) جہانگیر (d) اکبر

(ix) 'منتخب التواریخ' کس کی تصنیف ہے؟

(a) ضیاءالدین برنی (b) ابوالفضل (c) عبدالقادر بدیوانی (d) امیرحسن سنجری

(x) مغل دور میں 'میر بخشی' کون تھا؟

(a) مالیات کا سربراہ (b) فوج کا سربراہ (c) عدالت کا سربراہ (d) محکمہ ڈاک کا سربراہ

حصہ دوم

2- ہندوستان کے ساتھ عرب کے تعلقات پر تحریر لکھیے۔

3- عادل شاہی حکومت کے کارناموں پر روشنی ڈالیے۔

4- بہمنی حکومت کا اجمالی تعارف پیش کیجیے۔

5- مغل دور حکومت میں طرز تعمیر اور فن تعمیر کے چند نمونوں پر روشنی ڈالیے۔

6- فاتح سندھ کی مذہبی رواداری پر مضمون لکھیے۔

7- مغل حکومت کے قیام میں بابر اور ہمایوں کے کردار پر روشنی ڈالیے۔

8- خاندان خلجی پر روشنی ڈالتے ہوئے علاءالدین خلجی کے کارنامے بیان کیجیے۔

9- سلطان بلبن اور اس کے دور حکومت کا مختصر جائزہ لیجیے۔

حصہ سوم

10- دہلی سلطنت کے دور میں سلاطین دہلی کی علمی سرپرستی اور علم کے فروغ پر تفصیلی مضمون تحریر کیجیے۔

11- مغل حکمرانوں کی مذہبی رواداری پر تفصیلی مضمون قلم بند کیجیے۔

12- قطب شاہی حکومت کا تعارف پیش کرتے ہوئے اس دور کے اہم کارناموں پر روشنی ڈالیے۔

13- مغل دور حکومت کا نظم و نسق دہلی سلطنت کے نظام حکومت سے کس طرح مختلف ہے؟ تفصیلی جائزہ لیجیے۔

14- دہلی سلطنت میں قیام عدل کا نظام کیسا تھا اور سلاطین دہلی نے اس میں کیا رول ادا کیا؟ روشنی ڈالیے۔

☆☆☆